© rasailojaraid.com



استیصال کے لئے ہر سطح پر کام کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔ مشن کی جدوجہد کے نتیجہ میں اب مرزائی برطانیہ کے مسلمانوں کو دھوکہ دینے میں مسلسل شکست کھا رہے ہیں۔ ختم نبوت مشن کے صدر جناب شیخ عبدالغنی صاحب سیکریٹری نشر واشاعت جناب محمد ناصر اعوان صاحب اور جناب محمد یونس صاحب جناب سید خالد مسعود گیلانی اور مولانا سید اسد اللہ طارق کے علاوہ دیگر کارکنان پوری قوت کے ساتھ فتنۂ مرزائیت کے خلاف برسرِ پیکار ہیں۔ ہفتہ وار ملاقات، ماہانہ اجلاس، لٹریچر کی تقسیم، گفت گو، تقاریر اور مذاکروں کے ذریعہ خوب محنت کی جا رہی ہے۔ انشاءاللہ مستقبل قریب میں یو کے ختم نبوت مشن کے لئے ایک بڑا مرکز تعمیر کیا جائے گا۔

یہاں برطانیہ میں مرزائیوں کا روزنامہ الفضل انگریزی اور دوسری زبانوں میں چھاپ کر تقسیم کیا جاتا ہے خصوصاً یونیورسٹی اور کالج کے طلبہ میں۔ اس کے علاوہ دیگر لٹریچر بھی تقسیم کر رہے ہیں لیکن اس دجل وفریب اور مکر و ارتداد کا پردہ چاک کرنے کے لئے احرار کارکن بھی جوابی لٹریچر وہاں پہنچا رہے ہیں۔ مرزائیوں کی موروثی وفاداریوں اور دعاؤں والتجاؤں کے نتیجہ میں برطانیہ ان پر شروع دن سے بہت مہربان ہے۔ اسی مہربانی کے ماحول میں سارقانِ نبوّت کا یہ گروہِ خبیث عجیب وغریب وارداتوں میں مصروف ہے۔ تاجروں اور طلبہ کے ساتھ کیا کیا ڈرامے کر کے انہیں انگریزی نبوت کا اسیر بنانے کی سعئ ناتمام میں مصروف ہے۔ جلد ہی ایک مفصل رپورٹ نقیب ختم نبوّت کے قارئینِ کرام کے لئے پیش کی جائے گی۔

برطانیہ میں جماعت کے مجلہ "نقیبِ ختم نبوت" کو احباب نے بے حد پسند کیا اور استیصالِ مرزائیت کے لئے ایک مؤثر اور جاندار آواز قرار دیا ہے۔ مدلل اور حقائق پر مبنی مضامین سے قصرِ مرزائیت میں بھونچال آگیا ہے۔ انشاءاللہ نقیب گھر گھر پہنچائیں گے۔

ہم اپنی زندگیاں عقیدۂ ختم نبوّت کے دفاع وتحفظ کے لئے وقف کر چکے ہیں اور مجلسِ احرارِ اسلام کی قیادت کو سلام کرتے ہیں جس نے ہمیں اس جدوجہد میں شامل کر لیا جہاں ضمیر کا اطمینان اور دل کی راحت میسّر ہے۔

© rasailojaraid.com